© rasailojaraid.com



جس کا ہر شعر اُن کے دل کے اس محشر درد و کرب کا اثر انگیز نتیجہ ہے جسے ہندوستان کے مزدوروں اور غریبوں کی انتہائی مظلومیت نے پیدا کیا ہے! - یوں تو اس مجموعہ کی ہر ایک نظم سرمایہ پرستی کے ظالمانہ نظام کے حق میں جلا کر بھسم کر ڈالنے والی آگ کا ایک بے پناہ طوفان، اور سوئی ہوئی انسانیت کو بیدار کرنے کے لئے "سور اسرافیل" کا درجہ رکھتی ہے، لیکن "باغی کا خواب" - "امیر ملک کے فقیر باشندے" "ترانۂ جہاد" "دو مائیں" اور "کتا اور مزدور" خاص طور سے آرٹ اور پیغام کے وصل کا بہترین مرقع اور جوش آفرینی و درد انگیزی کے اعتبار سے شعر و ادب کا شاہکار کہلانے کی مستحق ہیں۔ "م"

**مسلمانِ ہند کی حیاتِ سیاسی** مؤلفہ محمد مرزا دہلوی - صفحات ۵۶ تقطیع ۲۰×۳۰/۱۶ کتابت معمولی کاغذ، طباعت عمدہ ناشر: - کتب خانہ علم و ادب دہلی۔

اس کتاب میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے مصنف نے مسلمانوں کی سیاسی زندگی سے بحث کی ہے، اسلوب نگارش سنجیدہ اور سلجھا ہوا ہے، لیکن اس کے مطالعہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے عنوان کے ہر ایک پہلو کو اپنے ایک خاص نظریہ پر تولنے کی سعی کی ہے، اور اس سعی میں جو چیز بھی ان کے عقائد سیاسی سے ہم وزن نہیں ہو سکی، انھوں نے اس کی اہمیت و قیمت کو غیر مؤرخانہ طرز کے ساتھ نظر انداز کر دیا ہے، تاہم کتاب قابل مطالعہ اور مدلل ہے اور اس چیز کی طالب ہے کہ مصنف نے جو کچھ اس میں پیش کیا ہے اس پر سنجیدگی کے ساتھ غور و فکر کیا جائے۔ "م"

**گئودان** مصنفہ منشی پریم چند - تقطیع ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۵۱۰ قیمت مجلد تین روپے - کاغذ کتابت اور طباعت بہتر - ملنے کا پتہ مکتبہ جامعہ دہلی - نئی دہلی - لاہور - لکھنؤ

منشی پریم چند کے تقریباً تمام افسانوں اور ناولوں کا موضوع و مقصد دیہات کی معاشرت



© rasailojaraid.com